**15.07.2025**

**2115 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

**Music**

------------------------------

☆ بھارتی خلا باز شبھانشو شُکلا اور Axiom-4 مشن کے اُن کے عملے کے ساتھی 18روزہ خلائی سفر مکمل کرکے بحفاظت زمین پر واپس آگئے ہیں۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیر اعظم نریندر مودی ملک کے ساتھ اِس سنگ میل کے جشن میں شامل ہیں۔

☆ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے SCO سے کہا ہے کہ وہ دہشت گردی، علیحدگی پسندی اور انتہا پسندی پر بالکل بھی برداشت نہ کرنے کا موقف اختیار کرے۔

☆ بھارتی نرس Nimisha Priya کی یمن میں پھانسی ملتوی کردی گئی ہے۔

☆ اتراکھنڈ کے پتھورا گڑھ ضلع میں ایک گاڑی کے دریا میں گِر جانے سے آٹھ افراد ہلاک ہوگئے ہیں۔

☆ اور موجودہ مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں ملک کی مجموعی برآمدات چھ فیصد بڑھ کر 210ارب ڈالر سے زیادہ ہوگئی ہیں۔

------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

***Axiom-4***

Axiom-4مشن پر سوار بھارتی خلاء باز سبھانشو شکلا اور دیگر تین عملے کے اراکین، بین الاقوامی خلائی اسٹیشن کا اٹھارہ روزہ تاریخی مشن مکمل کرنے کے بعد زمین پر بحفاظت لوٹ آئے ہیں۔ ان خلاء بازوں کا اسپیس X ڈریگن اسپیس کرافٹ، آج دوپہر کیلی فورنیا کے سین ڈیاگو میں بحرالکاہل میں اُترا۔

Dragon Landing

پیش ہے ایک رپورٹ

Swati Rakheja V C

Axiom-4مشن پر سوار بھارتی خلاء باز سبھانشو شکلا اور دیگر تین عملے کے اراکین اب زمین کی کشش ثقل سے مطابقت پیدا کرنے کیلئے سات دن کے Rehabilitation پروگرام سے گزریں گے۔ Axiom-4مشن کو گزشتہ مہینے کی 25تاریخ کو فلوریڈا سے Falcon-9راکٹ کے ذریعہ لانچ کیا گیا تھا اور اس نے ڈریگن کیپسول

کو بین الاقوامی خلائی اسٹیشن تک پہنچایا تھا۔ اس مشن کو جسے آکاش گنگا کا نام بھی دیا گیا تھا، امریکہ کی خلائی ایجنسی NASA،Axiom اسپیس اور بھارتی خلائی تحقیق کے ادارے اِسرو کی مشترکہ کوشش تھی۔ گروپ کیپٹن شکلا، بین الاقوامی خلائی اسٹیشن، ISS کا سفر کرنے والے پہلے بھارتی بن گئے ہیں۔ ساتھ ہی وہ سال 1984میں ونگ کمانڈر راکیش شرما کے بعد خلاء کا سفر کرنے والے دوسرے بھارتی خلاء باز بن گئے ہیں۔

اپنے قیام کے دوران شکلا نے بھارت پر مرکوز مائکرو گریوٹی کے سات تجربات انجام دیئے۔ جن سے مستقبل کے خلائی مشنز اور طویل مدتی خلائی مقام میں مدد ملے گی۔

صدر جمہوریہ دروپتی مرمو، وزیر اعظم نریندر مودی بھی خلاء سے زمین پر بحفاظت لوٹنے پر گروپ کیپٹن شُکلا کا خیر مقدم کرنے میں قوم کے ساتھ شامل ہوئے۔اپنے پیغام میں صدر جمہوریہ نے کہا کہ بین الاقوامی خلائی اسٹیشن تک Axiom-4مشن کے پائلٹ کے طور پر گروپ کیپٹن شکلا کے رول نے بھارت کی خلائی تحقیق اور سائنس اور ٹیکنالوجی کے شعبے میں بین الاقوامی اشتراک کیلئے نیا سنگ میل قائم کیا ہے۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے اپنے پیغام میں کہا کہ بین الاقوامی خلائی اسٹیشن کا دورہ کرنے والے پہلے بھارتی خلاء باز کے طور پر گروپ کیپٹن شکلا نے اپنے عزم، حوصلے اور جذبے کے ذریعہ اربوں خوابوں کو تحریک دی ہے۔

وزیر اعظم نے مزید کہا کہ یہ ملک کے انسان بردار خلائی مشن، گگن یان کیلئے بھی ایک سنگ میل ہے۔

سائنس و ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندرسنگھ نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے اسے بھارت کیلئے قابل فخر لمحہ قرار دیا۔

S/B New Jitendra Singh Axiom Mission

دلی سے سواتی رکھیجا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے ضمیر رضوی

گروپ کیپٹن شبھانشو شُکلا کے کنبے کے افراد اترپردیش کے لکھنؤ میں اُن کے سابقہ اسکول میں جمع ہوئے جہاں انھوں نے زمین پر اُن کی واپسی کے سفر کا براہِ راست نشریہ دیکھا اور جوش وخروش اور جذبات کے ساتھ اس تاریخی سفر کا جشن منایا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے.........

VC Om Awasthi

شبھانشو شُکلا کی خلا سے زمین پر واپسی کے موقع پر لکھنؤ میں اُن کے گھر کو پوسٹر اور روشنیوں سے سجایا گیا تھا۔ اُن کے اسکول میں ایک خصوصی پروگرام کا اہتمام کیا گیا تھا جہاں شبھانشو کے کنبے کے افراد اُن کے اساتذہ اور طلبا کے ساتھ موجود تھے۔ اپنے بیٹے کی زمین پر بحفاظت واپسی دیکھ کر اُن کے والدین جذباتی ہوگئے۔ اپنے بیٹے کی کامیابی پر شبھانشو کی والدہ آشا شُکلا نے کہا کہ وہ اپنی خوشی کو الفاظ میں بیان نہیں کرسکتیں۔

S/B Mother

شبھانشو شُکلا کے والد شمبھو دَیال شُکلا نے کہا کہ یہ ایک جذباتی لمحہ ہے۔ ہم اُن سبھی کا شکریہ ادا کرتے ہیں جنھوں نے ہمارے بیٹے کیلئے دعائیں کیں۔

S/B Father

گروپ کیپٹن شکلا کی بہن Shuchi Mishra نے کہا کہ یہ پورے ملک کیلئے انتہائی فخر کا لمحہ ہے۔ اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے Axiom-4 مشن کی کامیابی پر گروپ کیپٹن شبھانشو شُکلا اور ان کی ٹیم کو مبارکباد دی ہے۔

لکھنؤ سے اوم اوستھی کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں تنویر الفرید

## Prez Odisha

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج کہا ہے کہ طلبا کو اپنی مادری زبان میں تعلیم حاصل کرنی چاہیئے۔ انھوں نے کہا کہ اِس سے نہ صرف مالامال بھارتی ثقافت کا تحفظ کیا جاسکے گا بلکہ روایت بھی برقرار رکھی جاسکے گی اور طلبا کافی حد تک اپنے ہنر کو بہتر کرپائیں گے۔ صدر جمہوریہ آج شام اڈیشہ کے کٹک میں 15ویں صدی کے عظیم اُڈیہ شاعر اور اسکالر Adikabi سَرلا داس کی 600ویں جینتی کے موقع پر خطاب کر رہی تھیں۔ اِس موقع پر صدر جمہوریہ نے تعلیم کے مرکزی وزیر دھرمیندر پردھان کو کلنگا رتن 2024ایوارڈ سے سرفراز کیا۔x

## Rev Jaishankar SCO

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جئے شنکر نے زور دیا ہے کہ شنگھائی تعاون تنظیم SCO کو اپنے قیام کے مقاصد کے تئیں صادق رہنا چاہیئے اور دہشت گردی، علیحدگی پسندی اور انتہاپسندی کے معاملے میں سخت موقف اختیار کرنا چاہیئے۔ ڈاکٹر جئے شنکر نے آج شام چین کے Tianjin میں SCO کے وزراء خارجہ کی کونسل کی میٹنگ میں شرکت کی۔ پہلگام میں دہشت گردانہ حملے کا حوالہ دیتے ہوئے وزیر خارجہ نے کہا کہ یہ جموں وکشمیر کی سیاحت کو زک پہنچانے کیلئے سوچ سمجھ کر کیا گیا حملہ تھا، جس کا مقصد مذہبی تفریق پیدا کرنا تھا۔ انھوں نے کہا کہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں اِس واقعے کی مذمت کی اور دہشت گردی کے اِس قابل مذمت واقعے کے قصورواروں، اس کی سازش رچنے والوں، اس میں مالی اعانت کرنے والوں اور اِسے شہہ دینے والوں کو کیفرکردار تک پہنچانے کی ضرورت پر زور دیا۔

عالمی نظام میں موجودہ بے ترتیبی کو اجاگر کرتے ہوئے ڈاکٹر جئے شنکر نے کہا کہ اقتصادی عدم استحکام میں اضافہ ہو رہا ہے۔ انھوں نے کہا کہ بھارت نے SCO میں مختلف شعبوں میں متعدد اقدامات کئے ہیں، جن میں اسٹارٹ اپ اور اختراع سے لے کر روایتی طریقہ علاج اور ڈیجیٹل عوامی بنیادی ڈھانچہ شامل ہیں۔ انھوں نے زور دے کر کہا کہ SCO کے ساتھ اشتراک کو مستحکم کرنے کی خاطر تجارت، سرمایہ کاری اور تبادلوں میں اضافہ کئے جانے کی ضرورت ہے۔ انھوں نے بین الاقوامی شمال جنوب ٹرانسپورٹ کوری ڈور کے فروغ پر بھی زور دیا۔

اس میٹنگ کے موقع پر وزیر خارجہ نے روس اور ایران کے اپنے ہم منصبوں کے ساتھ باہمی بات چیت کی۔ اس سے قبل دن میں ڈاکٹر جئے شنکر نے بیجنگ میں SCO کے ساتھی ممبران کے ہمراہ چینی صدر Xi Jinping سے ملاقات کی۔

وزیر خارجہ SCO کی وزرائے خارجہ کی میٹنگ میں شرکت کیلئے کل چین پہنچے ہیں۔x

### Puri Education]

پیٹرولیم اور قدرتی گیس کے وزیر ہردیپ سنگھ پوری نے کہا ہے کہ تعلیم کو بھارت کی ترقی کے سفر میں مرکزی حیثیت حاصل ہونی چاہئے۔ آج نئی دلی میں، ملک میں اسکولی تعلیم کے موضوع پر ایک سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے جناب پوری نے زور دے کر کہا کہ تعلیم، ملک کی ترقی کی بنیاد ہے۔

انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ بھارت کے 4ٹریلین ڈالر کی معیشت سے سال 2047 تک 35ٹریلین ڈالر کی معیشت بننے تک کے سفر کا انحصار، عالمی، معیاری اور شمولیاتی تعلیم کے ذریعہ ذمہ دار اور ثمر آور شہریوں کی نسل کو پروان چڑھانے پر ہے۔

جناب پوری نے کہا کہ حق تعلیم کے ذریعہ آئینی گارنٹی ملنے سے خواندگی، اندراج اور اسکولوں کے بنیادی ڈھانچے میں قابل ذکر کامیابی ملی ہے۔X

### India Clean Energy

نئی اور قابل تجدید توانائی کے مرکزی وزیر پرہلاد جوشی نے اس بات کا اعادہ کیا ہے کہ بھارت میں ماحول سے سازگار توانائی کی منتقلی صرف ماحولیات سے متعلق ایک مقصد نہیں ہے بلکہ یہ ایک قومی مشن ہے۔ IIT بامبے میں IVCA ری نیوایبل ایزجی سمٹ 2025سے خطاب کرتے ہوئے مرکزی وزیر نے اعلان کیا کہ 20ریاستوں کے وزراء کی درخواستوں پر عمل کرتے ہوئے مرکزی حکومت جلد ہی PM-KUSUM یوجنا۔ 2 کا آغاز کرے گی۔

S/B - Joshi - PM KUSUM 36 Sec

ملک نے 2030کے اپنے ہدف سے پانچ سال قبل ہی غیر روایتی ایندھن کے ذرائع سے اپنی نصب شدہ بجلی کی صلاحیت کے 50فیصد تک پہنچنے کا ایک اہم سنگ میل حاصل کر لیا ہے۔X

### UIDAI Aadhar Update

Unique Identification سے متعلق بھارتی اتھارٹی UIDAI نے والدین اور سرپرستوں پر زور دیا ہے کہ وہ سات سال یا اس سے زیادہ عمر کے بچوں کیلئے لازمی بایومیٹرک اپ ڈیٹ کریں۔ ایک بیان میں UIDAI نے اُن بچوں کیلئے لازمی بایومیٹرک اپ ڈیٹ کرنے کی اہمیت پر زور دیا ہے جو سات برس کے ہوچکے ہیں اور آدھار میں اُن کے بایومیٹرک ابھی تک اپ ڈیٹ نہیں ہوئے ہیں۔

الیکٹرانک اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کی وزارت نے کہا ہے کہ موجودہ رہنما خطوط کے تحت بعض وجوہات کے سبب پانچ سال سے کم عمر کے بچے کو اپنی انگلیوں کے نشانات اور اسکین فراہم نہیں کرنے ہوں گے۔ اس نے مزید کہا ہے کہ جب بچہ پانچ سال کا ہوجائے تو بایومیٹرک کو اپ ڈیٹ کرنا ہوتاہے اور اگر پانچ سے سات سال کی عمر کے درمیان میں کیا جائے تو یہ مفت ہے۔

موجودہ ضابطوں کے مطابق سات سال کی عمر کے بعد اگر لازمی بایومیٹرک اپ ڈیٹ نہیں کیا جاتا ہے تو آدھار نمبر کام کرنا بند کرسکتا ہے۔X

### EC SIR Bihar

آج انتخابی کمیشن نے کہا کہ بہار میں جاری ووٹر فہرستوں کی خصوصی نظرثانی مہم کے تحت اب تک اندراج کے 86فیصد سے زیادہ فارم موصول کئے جاچکے ہیں۔ اس نظرثانی کیلئے اب محض دس دن باقی رہ گئے ہیں لہٰذا بقیہ ووٹروں سے بوتھ سطح کے افسر انفرادی طور پر رابطہ کریں گے۔کمیشن نے کہا ہے کہ سبھی اہل ووٹروں کو شامل کرنے کیلئے وہ کوئی کسر باقی نہیں رکھ رہا ہے۔x

### Nimisha Execution

بھارت نرس Nimisha Priya کی پھانسی جو کل یمن میں دی جانی تھی، ملتوی کردی گئی ہے۔ سرکاری ذرائع کے مطابق حکومت نے Nimisha Priya کے کنبے کیلئے مزید وقت طلب کرنے کی خاطر حالیہ دنوں میں جامع کوششیں کی ہیں تاکہ دوسرے فریق کے ساتھ ایک باہمی طور قابل قبول حل تک پہنچا جاسکے۔کیس کی شروعات سے حکومت نے اِس معاملے میں ہر ممکن مدد فراہم کی ہے۔ اس کی حساسیت کے باوجود بھارتی عہدیداران مقامی جیل حکام اور استغاثے کے دفتر سے مسلسل رابطے میں ہیں، جس سے پھانسی کو ملتوی کیا گیا ہے۔x

### Uttrakhand Accident

اُتراکھنڈ میں آج ایک سڑک حادثے میں کم از کم 8افراد اُس وقت ہلاک ہوگئے جب ایک مسافر گاڑی ندی میں جاگری۔ یہ حادثہ آج شام پتھوڑا گڑھ ضلعے کے مُوانی علاقے میں تھال - پتھوڑا گڑھ روڈ پر پیش آیا۔
حادثے میں تین افراد شدید زخمی بھی ہوئے ہیں۔ آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے ضلع مجسٹریٹ ونود گِری گوسوامی نے بتایا کہ زخمیوں کو قریبی اسپتال میں داخل کرایا گیا ہے۔

S/B Vinod Giri Goswami

اُترا کھنڈ کے وزیر اعلیٰ پشکر سنگھ دھامی نے حادثے پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے ضلع انتظامیہ کو زخمیوں کے مناسب علاج کو یقینی بنانے کی ہدایت دی۔X

### Trade Data

رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں ملک کی مجموعی برآمدات میں تقریباً چھ فیصد تک کا اضافہ ہوا ہے۔ اور پچھلے مالی سال کی اسی مدت کے 198اعشاریہ پانچ دو نلین ڈالرس کے مقابلے میں یہ 210نلین ڈالرس سے بھی تجاوز کر گئی ہے۔

نئی دلی میں میڈیا کو تفصیلات بتاتے ہوئے، کامرس اور صنعت کے سکریٹری Sunil Barthwal نے کہا کہ، ملک کی درآمدات میں جون کے مہینے میں پچھلے سال کے 56نلین ڈالرس کے مقابلے میں تین اعشاریہ سات ایک فیصد کی کمی واقع ہوئی ہے اور یہ 53اعشاریہ نو دونلین ڈالرس ہوگئی ہے۔

اس کے علاوہ سامان اور خدمات کے شعبے میں مجموعی برآمدات میں اس سال جون کے مہینے میں 64اعشاریہ

نو آٹھ نلین ڈالرس کا اضافہ ہوا ہے، جو پچھلے سال اسی مدت کے دوران 63اعشاریہ آٹھ تین نلین ڈالرس تھی، وزارت نے مطلع کیا ہے کہ اس سال جون میں ملک کا تجارتی خسارہ 18 اعشاریہ سات آٹھ نلین ڈالرس تک پہنچ گیا ہے۔×

### *IMD Weather*

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے آج راجستھان اور جموں وکشمیر میں کہیں کہیں بہت شدید سے انتہائی شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD کے مطابق بہار، جھارکھنڈ اور اڈیشہ میں آئندہ دو روز کے دوران شدید بارش کا امکان ہے۔ آکاشوانی نیوز سے خصوصی بات چیت میں IMD کے سینئر سائنسداں ڈاکٹر آر کے جیناممنی نے کہا کہ اِن ریاستوں کیلئے اورینج وارننگ جاری کردی گئی ہے۔x

☆☆☆☆☆☆☆